www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



# محدّث کے زرِ سالانہ کے سلسلہ میں

## ضروری وضاحت

ماہنامہ "محدث" ایک دینی وعلمی مجلہ ہے۔ احباب، دینی جرائد ورسائل کے سلسلہ میں پیش آمدہ مالی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں۔ ان کا اجرا صرف دینی جذبہ کے تحت تبلیغ اسلام کے مقصد سے کیا جاتا ہے اور خریدار جو سالانہ چندہ دیتے ہیں وہ صرف ایک ادنیٰ مالی تعاون ہوتا ہے جس پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔

محدث کے لیے دس روپے سالانہ موجودہ مہنگائی کے دور میں ایک معمولی زرِ تعاون ہے لیکن ہم نے دینی تبلیغ واشاعت کے جذبہ سے قارئین کے لیے یہی کافی سمجھا ہے ہم دوسرے رسالوں سے مقابلہ کی نیت سے نہیں بلکہ صرف حقیقتِ حال کے اظہار کے لیے یہ وضاحت کر رہے ہیں کہ "محدث" لیتھو کی بجائے نفیس کتابت اور فوٹو آفسٹ کی حسین طباعت کا حامل ہوتا ہے جس پر فی ہزار تین گنا زیادہ خرچ آتا ہے اسی طرح سفید کاغذ عام اخباری کاغذ سے دوگنا سے بھی زیادہ مہنگا ہے اور پھر سرورق آرٹ پیپر نہایت اعلیٰ قسم استعمال کیا جاتا ہے جس پر بلاکوں کی رنگین چھپائی



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


ہوتی ہے۔ یہ سب کچھ ایک علمی اور دینی پرچہ کے وقار کے لیے ہے نیز اخباری کاغذ جلد بوسیدہ ہو جاتا ہے جس سے علمی مواد جلد ضائع ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ قارئین کرام کو معلوم ہے کہ ان حالات میں ہمارے اخراجات بہت ہیں جن کی وجہ سے ہم مزید رعایات کے متحمل نہیں ہو سکتے۔

ہمارا ارادہ تھا کہ غریب اور نادار طلبہ کے لیے الگ فنڈ قائم کر کے ان سے نصف زرسالانہ (پانچ روپے) وصول کیا جائے لیکن یہ کام نہ ہو سکا ہمارے رعایتی زرسالانہ کے لیے وضاحت نہ ہونے کی وجہ سے کئی اصحاب رعایت کا مطالبہ کرتے ہیں جو ہمارے لیے بارگراں ہوتا ہے۔

امید ہے کہ احباب اس وضاحت کو کافی سمجھیں گے اور زرسالانہ دس روپے ہی ارسال فرمائیں گے

(ادارہ)

## "محدث" کے لیے زرسالانہ کی تفصیلات

| | | | |
|---|---|---|---|
| مغربی پاکستان کے لیے | ۱۰/- روپے | مشرقی وسطی کے لیے | ۱ پونڈ ۵ شلنگ (ہوائی ڈاک) |
| مشرقی پاکستان کے لیے | ۱۱/- روپے (ہوائی ڈاک) | مغربی ممالک کے لیے | ۱ پونڈ ۱۰ شلنگ (ہوائی ڈاک) |

## اگلا شمارہ بذریعہ وی۔پی۔ آئے گا

جن احباب کو "محدث" کا شمارہ نمونہ کے طور پر بھیجا گیا ہے انھیں آئندہ شمارہ برائے مارچ ۱۹۷۱ء (محرم ۱۳۹۱ھ) بذریعہ وی۔پی۔ ۱۰.۵۰ روپے میں بھیجا جائے گا۔ امید ہے کہ ہمارے کرم فرما اسے وصول کر کے دینی جذبہ اور تعاون کا ثبوت دیں گے اور اسے واپس کر کے ادارہ کو زیر بار ہونے سے بچائیں گے۔

جو احباب وی پی کے حق میں نہ ہوں وہ ادارہ کو فوری اطلاع دے کر ممنون فرمائیں (ادارہ)


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ